بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

《レッツノート直販サイト》
ec-club.panasonic.jp/
WEB限定のハイスペックPCが多数。パナソニック直販サイト

Share

عبداللہ عبداللہ پر حملے میں ملوث ہونے کا الزام پاکستان نے مسترد کر دیا

الزامات غیر ذمہ دارانہ اور افسوس ناک ہیں، دونوں ممالک کی تعمیری کوششوں کے بعد سازگار ہوتی ہوئی فضا خراب ہوگی، بعض عناصر اپنی سیکورٹی ناکامیوں کو چھپانے کیلئے دوسروں پر انگلیاں اٹھاتے ہیں

افغانستان کے صدارتی انتخاب کو سبوتاژ کرنے میں پاکستان کا کوئی مفاد نہیں، یقین ہے ان الزامات سے نہ تو افغان عوام اور نہ ہی عالمی برادری گمراہ ہوگی، ترجمان دفتر خارجہ تسنیم اسلم

اسلام آباد (اے پی پی، اے ایف پی) پاکستان نے افغانستان کی جانب سے صدارتی امیدوار عبداللہ عبداللہ کے قافلے پر گزشتہ ہفتے ہونے والے حملے میں ملوث ہونے کا الزام سختی سے مسترد کر دیا۔ دفتر خارجہ کی ترجمان تسنیم اسلم نے پیر کو یہاں اپنے ایک بیان میں کہا کہ ایسے غیر ذمہ دارانہ الزامات افسوس ناک ہیں جس سے سازگار ہوتی ہوئی فضاء خراب ہو گی جو دونوں ممالک کی تعمیری کوششوں کے ذریعے قائم ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ الزامات افغانستان کے بعض عناصر کے اس طرز عمل سے تعلق رکھتے ہیں جو پاکستان اور ہمارے سیکورٹی اداروں کو بدنام کرنے کے لئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھتے اور یہ عناصر اپنی سیکورٹی ناکامیوں کو چھپانے کیلئے الزامات دوسروں پر عائد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ ان الزامات سے نہ تو افغان عوام اور نہ ہی عالمی برادری گمراہ ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پہلے بھی واضح کیا ہے کہ افغانستان کے صدارتی انتخاب کو سبوتاژ کرنے میں پاکستان کا کوئی مفاد نہیں بلکہ پرامن انتخابات اور اقتدار کی جمہوری منتقلی سے ایک مستحکم افغانستان کے مفاد کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پاک افغانستان سرحد پر سیکورٹی میں اضافہ کے ذریعے آزادانہ اور پرامن انتخابات کے لئے تمام کوششوں کی حمایت کا عزم کر رکھا ہے اور ہمیں امید ہے کہ ان انتخابات کے نتیجے میں افغانستان کے عوام مزید مضبوط اور متحد ہوں گے۔ ہمیشہ کی طرح پاکستان کی حکومت اور عوام اس اہم موڑ پر اپنے افغان بھائیوں کی ٹھوس حمایت کریں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز افغانستان نے الزام لگایا تھا کہ عبداللہ عبداللہ پر ہونے والے قاتلانہ حملے کے پیچھے بیرونی خفیہ ایجنسی کا ہاتھ ہے جس نے لشکر طیبہ کے ذریعے یہ حملہ کرایا۔ اس واقعے پر اقوام متحدہ اور امریکا سمیت عالمی برادری نے شدید مذمت کی تھی۔

ShareThis
آج کا اخبار پڑھئے